

حسنِ انتقاد

تبصرہ کے لئے دو کتابوں کا آنا لازمی ہے

نام کتاب: ''ذخیرۃ الجنان فی فہم القرآن'' (جلد اوّل)

افادات: شیخ الحدیث والتفسیر مولانا محمد سرفراز خان صفدر دامت برکاتھم

جمع وترتیب: مولانا محمد نواز بلوچ فاضل مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

قیمت: ۲۲۵ روپے/ ملنے کا پتہ: میر محمد لقمان برادران سیٹلائٹ ٹاؤن، گوجرانوالہ

محدّث جلیل مولانا محمد سرفراز خان صفدر دام مجدہٗ کو اللہ تعالیٰ نے گوناگوں صفات سے نوازا ہے۔ وہ جامع المعقول والمنقول بھی ہیں اور شیخ الحدیث والتفسیر بھی۔ ایک طرف وہ صوفی کامل اور حضرت مولانا حسین علی (واں بھچراں والے) کے خلیفہ مجاز ہیں تو دوسری طرف فرق باطلہ کا قوی دلائل سے رد کرنے والے معروف قلمکار اور مجاہد ہیں۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے ۲۵ سال دورۂ تفسیر پڑھایا۔ قریباً پچاس سال گکھڑ منڈی کی جامع مسجد میں درس قرآن مجید دیا ان دروس سے ہزاروں علماء کرام اور عام مسلمانوں نے فائدہ اٹھایا۔

گکھڑ منڈی کے اس عوامی درس کو آپ کے معروف شاگرد اور ممتاز عالم دین مولانا محمد نواز بلوچ مہتمم مدرسہ ریحان لمدارس ایم اے جناح روڈ گوجرانوالہ نے مرتب کیا ہے۔ جس کی پہلی جلد شائع ہو چکی ہے۔ یہ دروس پنجابی زبان میں دیئے گئے تھے، انہیں اردو میں منتقل کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ حضرت شیخ، مولانا محمد نواز بلوچ اور ناشر کو جزائے خیر دے اور دوسرے حلقہ ہائے درس افادات بھی منظر عام پر لانے کی ہمت وتوفیق دے۔ آمین (تبصرہ: مولانا مشتاق احمد)

نام کتاب: ''زبدۃ القرآن''

ضبط وترتیب: حضرت مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب مدظلہ (شیخ الحدیث دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک)

قیمت: ۱۲۰ روپے/ ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ برانچ پوسٹ آفس خالق آباد نوشہرہ، سرحد

ولی کامل، شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوری قدس سرہ کے نام نامی سے کون واقف نہیں؟ آپ سلسلہ قادریہ کے معروف بزرگ تھے، قرآن کریم سے خاص لگاؤ تھا۔ تحریک ریشمی رومال کے سلسلہ میں دہلی میں گرفتار ہوئے۔ انگریز نے لاہور لا کر چھوڑ دیا اور لاہور سے باہر جانے پر پابندی لگا دی۔ لاہور میں آپ نے شیرانوالہ گیٹ کے علاقہ کی ایک چھوٹی سی مسجد کو اپنی دینی جدو جہد کا مرکز بنا لیا، لوگوں کو قرآن وحدیث کی تعلیم دینے لگے، روزانہ درس قرآن اور سال میں دو تین ماہ کا علماء کرام کے لیے ریفریشر